# صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعۃ المبارک مورخہ 26 فروری 2010ء بمطابق 11 ربیع الاول 1431 ہجری شام چار بجکر تیس منٹ پر منعقد ہوا۔
جناب سپیکر، کرامت اللہ خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

**يَـٰٓأَيُّهَا ٱلْإِنسَـٰنُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ ٱلْكَرِيمِ○ٱلَّذِى خَلَقَكَ فَسَوَّىٰكَ فَعَدَلَكَ○فِىٓ أَىِّ صُورَةٍ مَّا شَآءَ رَكَّبَكَ○كَلَّا بَلْ تُكَذِّبُونَ بِٱلدِّينِ○وَإِنَّ عَلَيْكُمْ لَحَـٰفِظِينَ○كِرَامًا كَـٰتِبِينَ○يَعْلَمُونَ مَا تَفْعَلُونَ○إِنَّ ٱلْأَبْرَارَ لَفِى نَعِيمٍ○وَإِنَّ ٱلْفُجَّارَ لَفِى جَحِيمٍ○يَصْلَوْنَهَا يَوْمَ ٱلدِّينِ○وَمَا هُمْ عَنْهَا بِغَآئِبِينَ○وَمَآ أَدْرَىٰكَ مَا يَوْمُ ٱلدِّينِ○ثُمَّ مَآ أَدْرَىٰكَ مَا يَوْمُ ٱلدِّينِ○يَوْمَ لَا تَمْلِكُ نَفْسٌ لِّنَفْسٍ شَيْـًٔا ۖ وَٱلْأَمْرُ يَوْمَئِذٍ لِّلَّهِ۔**

(ترجمہ): اے انسان تجھے اپنے رب کریم کے بارے میں کس چیز نے مغرور کر دیا۔ جس نے تجھے پیدا کیا پھر تجھے ٹھیک کیا پھر تجھے برابر کیا۔ جس صورت میں چاہا تیرے اعضا کو جوڑ دیا۔ نہیں نہیں بلکہ تم جزا کو نہیں مانتے۔ اور بے شک تم پر محافظ ہیں۔ عزت والے اعمال لکھنے والے۔ وہ جانتے ہیں جو تم کرتے ہو۔ بے شک نیک لوگ نعمت میں ہوں گے۔ اور بے شک نافرمان دوزخ میں ہوں گے۔ انصاف کے دن اس میں داخل ہوں گے۔ اور وہ اس سے کہیں جانے نہ پائیں گے۔ اور تجھے کیا معلوم انصاف کا دن کیا ہے۔ پھر تجھے کیا خبر کہ انصاف کا دن کیا ہے۔ جس دن کوئی کسی کے لیے کچھ بھی نہ کر سکے گا اور اس دن اللہ ہی کا حکم ہو گا۔ وآخر الدعوانا أن الحمد للہ رب العٰلمین۔

جناب سپیکر: 'کوئسچنز آور': جناب مفتی سید جانان صاحب، سوال نمبر جی۔۔۔۔۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر! کورم پورا نہیں ہے۔

جناب سپیکر: آپ نے نشاندہی کر لی ہے تو اب گننا پڑیگا جی۔ گن لیں جی۔

مفتی سید جانان: پورا ہے جی، پورا ہے۔

جناب سپیکر: ہاں زیادہ ہے جی، پورا ہے جی۔ تھینک یو جی۔

## نشانزدہ سوالات اور ان کے جوابات

جناب سپیکر: مفتی سید جانان صاحب۔

* 790۔ مفتی سید جانان: کیا وزیر جنگلات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ گزشتہ سال ہنگوتاٹل سڑک پر موجود درختوں کی نیلامی ہوئی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) مذکورہ درختوں میں کونسی قسم کے درخت شامل تھے سارے درخت کتنے مربع فٹ تھے، نیز ان کی نیلامی کیوں کی گئی ہے؛

(ii) مذکورہ درختوں کو کتنی رقم میں فروخت کیا گیا، نیز ٹھیکیداروں کے ناموں کی تفصیل بھی فراہم کی جائے؟

جناب واجد علی خان (وزیر جنگلات وماحولیات): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) نیلام شدہ درختان میں مندرجہ ذیل قسم کے درختان شامل تھے:

| نام درختان | تعداد درختان | مکسر فٹ |
|---|---|---|
| شیشم | 411 | 13070.9 |
| یوکلپٹس (لاچی) | 1 | 19.1 cft |
| بکائن | 4 | 74.6 cft |
| ویلو | 1 | 17.40cft |
| ایلھنتس | 3 | 113.8 cft |
| توت | 9 | 358.3 cft |

| | | |
|---|---|---|
| 983.4 cft | 12 | پاپلر |
| 28.5 cft | 1 | بیر |
| 14666 cft | 442 | ٹوٹل |

درج بالا درختوں کی نیلامی اسلئے کی گئی کہ یہ درختان خشک اور بوسیدہ ہو گئے تھے۔

(ii) درج بالا درختان ٹھیکیدار شہریار ولد شمشاد سکنہ جنگل خیل کوہاٹ اور روئید مردان ولد علی مردان سکنہ درسمند کو نیلامی میں مبلغ -/4310212 میں فروخت کئے گئے۔ سپلیمنٹری میٹریل درج ذیل ہے:

مذکورہ درختان جو کہ ہنگوٹل روڈ پر واقع ہیں، وہ درختان نیلامی کے بعد کاٹے گئے ہیں۔ یہ کام چند ناگزیر وجوہات کی بنا پر کیا گیا ہے جو کہ مندرجہ ذیل ہیں:

1۔ یہ درخت انتہائی بوسیدہ اور گل سڑ گئے تھے اور کچھ ہی عرصہ میں یہ چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں تبدیل ہو کر بالکل بے کار ہو جاتے جس سے حکومت کو نقصان ہوتا۔ اس نقصان کے پیش نظر ان کو نیلام کر کے کاٹا گیا ہے تاکہ حکومت کو نقصان سے بچایا جائے۔

2۔ ان کی بوسیدہ حالت کی وجہ سے ان کے کسی بھی وقت گرنے کا خطرہ تھا اور ان کے مین روڈ پر واقع ہونے کی وجہ سے یہ کسی بڑے جانی نقصان کا باعث بن سکتے تھے، لہذا کسی بھی حادثہ سے بچنے کیلئے ان کو بروقت کاٹا گیا ہے۔

3۔ ان درختوں کے چوری ہونے کا بہت اندیشہ ہوتا ہے، یہ درخت اگر گر جائیں تو لوگ ان کو چوری کر لیتے ہیں۔

4۔ قانون کے مطابق ایسے درختوں کو کاٹا جاتا ہے تاکہ ہر قسم کے نقصان سے بچا جا سکے۔

5۔ موجودہ خراب حالات کی وجہ سے بھی ان درختوں کو نقصان کا اندیشہ رہتا ہے۔

جناب سپیکر: سپلیمنټري سوال پکښے مفتي صاحب، شته؟

مفتي سید جانان: دیکښے جي سپلیمنټري سوال دا دے، دا لاندے دوئ لیکي چه "درج بالا درختوں کی نیلامی اسلئے کی گئی کہ یہ درختان خشک اور بوسیدہ ہو گئے تھے"، دیکښے اکثر ونے چه کومے وے، هغه دغه شانتے نه دي، روډ باندے واقعي ونے دي خو دا د خپلو مفاداتو د پاره خرڅ کړے شوے دي جي او چه کله دا ونے اووهلے شوے، د عوامي نیشنل پارټئ ډیر لوئے کسان ما ته راغلي وو، بیا هغوی محکمے والا

سره دوه درے ځله رابطه اوکړه چه دا بالکل شنے ونے دی او دا هسے کټ کیږی، یو خو جی زما دا خواست دے چه د دے د تحقیق اوکړلے شی او بل دا چه ټوټل خومره فټ دی، دا جی 14666 cft ټولے ونے جوړے شوے دی او د دغے ونو قیمت 4310212، دا جی چه تقسیم کړے ، 293.891 باندے یو فټ راځی نو دا ونے ئے په ډیر کم قیمت خرڅے کړے دی، د دے تحقیق پکار دے چه دا ولے په دومره کم قیمت باندے خرڅ کړے شوے دی؟

جناب سپیکر: جناب----

جناب محمد زمین خان: جناب سپیکر! زما پکښے هم یو ضمنی کوئسچن دے۔

جناب سپیکر: جی، زمین خان صاحب، ضمنی سوال، ضمنی سوال۔

جناب محمد زمین خان: تهینک یو جی۔ سر! ضمنی کوئسچن دے۔ دوئ دا سپلیمنټری میټیریل چه کوم ورکړے دے ، په دیکښے په دے پانچ نمبر باندے وائی چه "موجوده خراب حالات کی وجه سے بھی ان درختوں کو نقصان کا اندیشه ہے"، نو دا کوم خراب حالات وو چه د هغے په وجه باندے دے ونو ته د نقصان خطره وه؟

جناب تاج محمد خان ترند: جناب سپیکر! زما هم یو ضمنی کوئسچن دے په دے سلسله کښے۔

محترمه نور سحر: سپیکر صاحب! میرا بھی ایک ضمنی ہے۔

جناب سپیکر: جناب تاج محمد خان صاحب۔

جناب تاج محمد خان ترند: جناب سپیکر! دوئ په دے جواب کښے دا لیکلی دی چه دا ونے سخا شوے او دننه نه ډډے شوے وے نو په دے وجه باندے دا مونږ کټ کړے دی نو جناب سپیکر، زما د منسټر صاحب نه ضمنی سوال دا دے چه زمونږ په صوبه کښے د جنګلاتو په کټ کولو باندے Ban دے نو نورو ځایونو کښے چه دا ونے کومے سخا کیږی یا ډډے شوے دی، خرابیږی نو د هغے د پاره دوئ د پالیسئ ورکولو څه اراده شته که نه؟ تهینک یو جی۔

جناب سپیکر: ملک قاسم خان صاحب۔

ملک قاسم خان خٹک: شکریه۔ جناب سپیکر، زهٔ د دے په وساطت سره د منسټر صاحب نه دا پوښتنه کوم چه آیا دا هغه ونے خو نه دی چه په کوهاټ کښے پرے ایف آئی آر کټ شوے دے؟ هغه جنګلات----۔

جناب سپیکر: جی، نور سحر بی بی۔

محترمہ نور سحر: جناب سپیکر-----۔

جناب سپیکر: نور سحر بی بی کا مائیک آن کریں۔

محترمہ نور سحر: محترم سپیکر صاحب! میرا ضمنی کوئسچن ہے کہ شیشم کی جو لکڑی ہوتی ہے، اس کی کم از کم ایک فٹ کی قیمت ہزار روپے سے کم نہیں ہے، یہاں پہ انہوں نے 14666 بتایا ہے، جو فگرز بتائے ہیں، یہ اگر ہزار روپے بھی فٹ لگایا جائے تو کم از کم 13,70,000 اس کی قیمت آتی ہے، تو یہ فگرز اتنے کم کیوں آئے ہیں اس لکڑی کے، یہ اتنے سستے بھاؤ کیوں بکی ہے؟

جناب سپیکر: جناب منسٹر انوائرنمنٹ، واجد علی خان صاحب۔

وزیر جنگلات و ماحولیات: محترم سپیکر صاحب! مفتی صاحب چه کوم سوال کړے دے، د هغے جواب ښه تفصیلاً راغلے دے، ډیپارټمنټ ورکړے دے خو د هغے باوجود چه هغوی کومه خبره کوی چه دیکښے شنے ونے هم وهلے شوے دی، زما په خیال باندے په دیکښے زمونږ د قومی اسمبلئ ممبر پیر حیدر صاحب په هغه ټائم باندے ما ته فون کړے وو او د هغے د پاره ما هغوی ته دا اووئیل چه تاسو لاړشئ پخپله، که په دیکښے داسے ونے کټ کیږی چه هغه واقعی شنے وی یا داسے ټهیک وی او دوی ئے کټ کوی نو چه د هغوی خلاف مونږ ایکشن واخلو۔ بیا هغه ډی ایف او غوښتلے دے او هغه ډی ایف او تلے دے او د پیر حیدر کسان هم تلی دی او ټولو په هغه وخت کښے تفصیلاً هغه ونے کتلے وے۔ که داسے یوه نیمه ونه پکښے وی، ځکه چه زهٔ نه شم وئیلے، ځکه چه زهٔ خو د هغوی په دغه باندے، هغه د هغه علاقے ایم این اے وو، هغه ما ته اووئیل چه دا ونے چه دی، دا ټهیک کټ کیږی، په دے وجه باندے هغه ونے کټ شوے دی۔ د دے نه علاوه جی دوئ چه کوم د قیمت خبره کوی، نو د دے لاټونه جوړیږی چه لاټونه جوړ شی نو په دے باندے بیا اوپن آکشن کیږی، دیکښے څه پټ آکشن نه وی چه یره څه په پټه باندے کیږی، په هغے باندے خلق ښه پوره بولی کوی چه

ځومره زیاته بولی راشی، په هغه بولئ باندے خرچیږی، نو زما په خیال باندے په ونه کښے چه د کار کوم ځائے وی، هغه تنه وی، د هغے مکعب فټ د غه کیږی، باقی خو د خشاک لرګی په هغه انداز باندے خرچیږی۔ زما په خیال باندے داسے څه Irregularities هغوی مونږ ته Mention کړے هم دی او د دے باوجود که ایم پی اے صاحب په دے مطمئن نه وی او داسے څه خبره وی نو زمونږ په نوټس کښے د راولی، انشاء اللّٰه تعالیٰ هغے باندے به مونږ تحقیق هم اوکړو او د دوئ د خبرے ازاله به هم اوکړو چه څنګه دوئ دا خبره Mention کړے ده۔ که په دیکښے شنے ونے وهلے شوے دی یا غلطه کټائی پکښے شوے ده، نو د هغے د پاره څنګه چه دوئ مطمئن کیږی نو هغه شان خبره به مونږ ته اوکړی، ډیپارټمنټ به په هغے باندے ضرور ایکشن اخلی۔

<u>مفتی سید جانان</u>: جناب سپیکر صاحب۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی مفتی صاحب۔

<u>مفتی سید جانان</u>: جواب خو دوئ چه څنګه وائی خو زهٔ جی د غه هاؤس کښے د اللّٰه د رضا د پاره دا خبره کوم چه دیکښے شنے ونے سختے ډیرے کټ شوے دی۔ چه دوئ ما ته کوم جواب راکړو، دے نه بس زهٔ مطمئن یم خو شنے ونے ډیرے زیاتے ورکښے کټ شوے دی، دا جواب د حقیقت حال سره مطابق نه دے جی۔

<u>جناب سپیکر</u>: شکریہ جی۔ محمد جاوید عباسی، سوال نمبر 807۔

* 807۔ <u>جناب محمد جاوید عباسی</u>: کیاوزیر جنگلات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع ایبٹ آباد (گلیات) میں موجود جنگلات غیر قانونی طور پر ہر سال کاٹ دیئے جاتے ہیں;

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) گزشتہ تین سالوں کے دوران بالخصوص گلیات میں غیر قانونی طور پر کاٹے جانے والے درختوں کی تفصیل فراہم کیجائے;

(ii) آیا حکومت نے غیر قانونی طور پر جنگلات کاٹنے والوں کے خلاف کوئی کارروائی کی ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

جناب واحد علی خان (وزیر جنگلات و ماحولیات): (الف) یہ درست ہے۔

(ب) گزشتہ تین سالوں کے دوران گلیات میں غیر قانونی طور پر کاٹے جانے والے درختوں کی تفصیل درج ذیل ہے:

| نمبر شمار | سال | تفصیل درختان |
|---|---|---|
| 1 | 2007-08 | 271 |
| 2 | 2008-09 | 191 |
| 3 | 2009-10 | 58 |

فارسٹ ڈیپارٹمنٹ نے باوجود وسائل کی کمی کے جنگلات کو بچانے کیلئے ازحد کوششیں کی ہیں اور درج ذیل تدارکی اقدامات کئے ہیں:

| نمبر شمار | کیفیت | 2007-08 | 2008-09 | 2009-10 | کل میزان |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | پراسیکیوشن کیسز در چالان عدالت | 271 | 200 | 45 | 516 |
| 2 | سپنسیشن کیسز | 157 | 175 | 57 | 389 |
| 3 | حاصل کردہ جرمانہ | 1804,334 | 223,369 | 510,095 | 2,537,798 |
| 4 | لکڑی ضبطگی (مکسر فٹ) | 1776 | 9712 | 4734 | 16222 |
| 5 | ضبط شدہ لکڑی سے حاصل کردہ رقم | 884,140 | 4,856,230 | 2,366,960 | 8,111,330 |

ضمنی مواد: فارسٹ ڈویژن ڈسٹرکٹ ایبٹ آباد میں واقع ہے جو کہ 135520ایکڑ رقبہ پر مشتمل ہے۔ یہ جنگلات 5000 فٹ تا 8500 فٹ بلندی پر واقع ہیں جہاں موسم سرما میں سخت سردی پڑتی ہے اور ہر سال 8 فٹ سے لیکر 10 فٹ تک برف ہوتی ہے۔یہاں کی 70 فیصد آبادی جنگلات کے بالکل قریب رہائش پذیر ہے جہاں پر ماسوائے لکڑی جلانے کے کوئی ذریعہ نہیں ہے، جس کی وجہ سے لوگ زیادہ تر جنگلات سے درخت کاٹ کر بالن بناتے ہیں۔ مقامی آبادی کی لکڑی کی ضروریات درج ذیل ہیں:

1۔ جلانے کیلئے

2۔ گھروں کو گرم کرنے اور کھانا پکانے کیلئے

3۔ مقامی آبادی کے گھروں کی سالانہ مرمت

ہر سال تین فیصد آبادی میں اضافہ کے ساتھ ساتھ لوگوں کی ضروریات زندگی میں بھی اسی قدر اضافہ ہو رہا ہے، قدرتی عوامل بھی درختان کے ضائع ہونے کا باعث بنتے ہیں یعنی طوفان اور لینڈ سلائیڈنگ سے درخت گرتے ہیں اور جنگلات پر دباؤ بڑھ رہا ہے لیکن بفضل خدا محکمہ تمام تر مسائل کے باوجود جانفشانی سے جنگل کی حفاظت کرتا ہے۔ جہاں کہیں درخت کٹتا ہے، محکمہ باقاعدہ قانون کے مطابق کارروائی کرتا ہے اور جنگلات کی حفاظت کو اولین ڈیوٹی تصور کرتا ہے۔

اس ضمن میں سال 08-2007 سے 10-2009 تک جنگلات کی غیر قانونی کٹائی کو روکنے کیلئے درج ذیل اقدامات کئے ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | کیس دائر در عدالت | 516 عدد |
| 2۔ | حاصل کردہ جرمانہ | 2,537,798 روپے |
| 3۔ | ضبط شدہ لکڑی | 16,222 مکسر فٹ |
| 4۔ | ضبط شدہ لکڑی سے حاصل کردہ رقم | 8,111,330 روپے |

جناب محمد جاوید عباسی: مجھے بھی آپ نے کل 'مفتی صاحب' کہا تو میں نے کہا کہ ان مفتیوں کی موجودگی میں میں کہاں ہو سکتا ہوں حضور، تو اسلئے میں نے واپس کر دیا کہ مفتی صاحبان خفا نہ ہو جائیں۔ جناب سپیکر، کوسچن نمبر 807 میں میں نے پوچھا تھا کہ گلیات میں جنگلات کو، اور جو جواب محکمے نے دیا ہے، میں اس پر جناب، Rely کرتا ہوں اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ صحیح جواب دیا ہوگا۔

(شور / قطع کلامی)

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سپیکر صاحب! پریس گیلری سے صحافیوں نے واک آؤٹ کیا۔

جناب سپیکر: جی جاوید عباسی صاحب ان کو منالیں گے، خیر ہے جی، آپ پہلے اپنا۔۔۔۔

جناب محمد جاوید عباسی: منانے کیلئے کوئی ٹیم بھیجی جائے۔ جناب سپیکر، میری درخواست ہوگی کہ یہاں سے سینیئر پارلیمنٹیرینز کی ایک ٹیم جائے تاکہ ان کی بات سنی جائے۔۔۔۔

(شور)

جناب محمد جاوید عباسی: بلور صاحب چاہتے ہیں کہ چونکہ میں بہت اہم بات کرنا چاہتا تھا تو یہ پریس کی موجودگی میں نہ کروں، ان کی خواہش ہے تو میں نہیں کہتا جی۔ جناب سپیکر، یہ۔۔۔۔

جناب سپیکر: ضمنی کوسچن کیا ہے جی؟

جناب محمد جاوید عباسی: بڑا Important ضمنی کوئسچن ہے جناب، توجہ چاہیئے ہو گی۔ اتنا بڑا ڈیپارٹمنٹ ہے جناب سپیکر، میں نے پوچھا تھا اور انہوں نے خود فرمایا ہے کہ 520 درخت۔

(قطع کلامی)

آوازیں: اوہو، اوہو۔۔۔۔۔

جناب محمد جاوید عباسی: حضور والا! 520 درخت Illegal کاٹے گئے ہیں جو محکمہ نے خود تجویز کئے ہیں پچھلے دو سالوں میں تو جناب سپیکر، اگر محکمے کی موجودگی میں اتنے بڑے درخت، 520 درخت تو Illegal کاٹے گئے ہیں، اس کے علاوہ بھی انہوں نے پرمٹ جاری کئے ہونگے۔ جناب سپیکر! آپ اندازہ کریں کہ اس محکمے کی موجودگی میں، اگر یہاں دنیا کا کوئی اور ملک ہوتا جناب سپیکر، میں کئی مثالیں یہاں پیش کر سکتا ہوں کہ اگر ایک درخت کاٹا جاتا، تو زلزلہ ایوانوں کے اندر آ جاتا اور یہ محکمہ خود کہتا ہے کہ ہم نے 520 درخت کو کاٹ کر، بڑے درخت، قد آور درخت، دو دو سو سال پرانے درخت کاٹ کر لے گئے ہیں، میں نے پوچھا، محکمے کے علاوہ کوئی کارروائی نہیں کی گئی ہے کسی کے خلاف، صرف اتنا مجھے جناب سپیکر، جواب میں بتایا گیا ہے کہ جو درخت کاٹے گئے تھے، ہم نے پراسکیوشن میں ان کے کیسز فائل کئے ہوئے ہیں اور پھر کہتے ہیں کہ ضبط شدہ لکڑی اس کے علاوہ ہے سر۔ جناب سپیکر، اگر آپ جز "3" کے اوپر آئیں اور اس کے آخر میں انہوں نے پیراگراف 3 میں، 5 میں دیکھیں، ضبط شدہ جو لکڑی ہے سر، اس سے ہم نے اکاسی لاکھ روپیہ Recover کیا ہے، یہ لکڑی وہ ہے جو یہ 520 درختوں کے علاوہ ہے، وہ تو کاٹ کر لے گئے ہیں، وہ الگ ہے تو جناب سپیکر، میں منسٹر صاحب سے یہ پوچھنا چاہونگا کہ سب سے پہلے یہ کہیں کہ اتنا بڑا ڈیپارٹمنٹ آپ نے وہاں، وہاں اگر آپ دیکھیں تو رینج آفیسر، لینڈ کنزرویٹر سے شروع ہوتا ہے جناب، میں نام گنوں تو ایک گھنٹہ لگتا ہے، ان کی موجودگی میں دو سالوں میں 520 درخت کاٹے گئے، تو یہاں تو گلیات میں صرف ہزار یا پندرہ سو درخت تھے، میں یقین سے کہتا ہوں کہ اگلی دفعہ جناب سپیکر، جب آپ تشریف لے جائیں گے یا جب آپ نتھیا گلی پہنچیں تو آپ کہیں گے کہ میں کس جگہ پہ آ گیا ہوں، تو آپ کو پوچھنا پڑیگا کہ آیا یہ نتھیا گلی ہے یا کسی اور مقام پہ آیا ہوں؟ تو میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ یہ جو پیسہ آیا ہے، یہ اکاسی لاکھ روپیہ کہاں گیا اور جناب سپیکر، جو تین آفیسرز صاحبان وہاں پر Posted تھے، ان کے خلاف کیا کارروائی ہوئی ہے؟

جناب سپیکر: واجد علی خان صاحب۔

مولوی عبیداللہ: جناب سپیکر! میرا اس میں ایک ضمنی کوئسچن ہے سر۔

جناب سپیکر: جی مولانا عبیداللہ صاحب، لیکن جاوید عباسی صاحب، میرے پشاور میں تو الٹا کھاتہ ہے۔ ادھر تو ہم زور دیتے ہیں کہ اس درخت کو کاٹ دو، سکول کے سامنے سے ہٹا دو، ادھر تو یہ کاٹتے نہیں تو آپ کے ہاں یہ کیوں کاٹتے ہیں؟

جناب محمد جاوید عباسی: آپ کا زور آوروں کا علاقہ ہے، ہمارا مسکین اور غریب لوگوں کا علاقہ ہے۔

مولوی عبیداللہ: جناب سپیکر صاحب، ہمارے عباسی صاحب نے جو بات اٹھائی ہے، یہ جو سوال اٹھایا ہے، یہ غور طلب ہے اور اس کو سوال برائے سوال، جواب برائے جواب نہیں ہونا چاہیئے، ذرا اس کی گہرائی میں جاکر آپ خود سوچیں، یہ تو عباسی صاحب ہیں، ایبٹ آباد میں گلیات میں کچھ نہ ہونے والی کہہ دیتے ہونگے، میں کوہستان کے سلسلے میں آپ کو بتا رہا ہوں۔ کوہستان میں جناب والا، منسٹر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، لاکھوں فٹ ناجائز کٹائی ہو چکی ہے اور ابھی ہو رہی ہے، دریائے سندھ کے راستے سے اور کیکیچ کے راستے سے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: صرف ضمنی سوال پوچھیں جی، اس پہ تقریر نہ کریں۔

مولوی عبیداللہ: ضمنی ہے۔

جناب سپیکر: یہ 'کوئسچنز آور' ہے۔ آپ کے بنائے ہوئے رولز ہیں، ان کا استعمال بڑے احتیاط سے کریں، صرف ضمنی سوال پوچھیں۔ کال اٹنشن پہ آجائیں، دو سو طریقے ہیں آپ کے پاس ہاؤس کی توجہ دلانے کیلئے۔

مولوی عبیداللہ: ٹھیک ہے جی، تو میں اس اسمبلی کے ذریعے سے اپنے منسٹر صاحب کو عرض کر رہا ہوں۔

جناب سپیکر: اور ضمنی سوال بھی اسی علاقے سے، کیونکہ اس کے پاس ڈیٹا تو نہیں ہوگا۔

مولوی عبیداللہ: کوہستان کا، ہزارہ ہے۔

جناب سپیکر: اسی کوئسچن کا، کوہستان کو چھوڑو، ابھی گلیات کی باری آرہی ہے، اس کے متعلق کوئسچن کریں۔

مولوی عبیداللہ: اچھا، تو یہی سلسلہ کوہستان میں بھی جاری ہے۔ میں عرض کر رہا ہوں کہ اس کو ختم کیا جائے۔

جناب سپیکر: کوہستان کی بات نہ کریں، اس وقت یہ سوال چل رہا ہے۔ جی، واجد علی خان صاحب۔

_وزیر جنگلات و ماحولیات:_ محترم سپیکر صاحب! جاوید عباسی صاحب چه څه رنګ خبره اوکړه، یقیناً چه د دۀ علاقه ده، دے به پرے خفه کیږی هم، زمونږ هم علاقه ده، ځنګلات مشترکه اثاثه ده۔ دوئ چه کوم مواد غوښتی دی په سوال کښے، هغه مواد مونږ دوئ ته ورکړی دی۔ دۀ ټوټل د ونو تعداد ویستلے دے، دا سالانه په 08-2007 کښے 271 ونے کټ شوے دی، په 09-2008 کښے 191 ونے کټ شوے دی، په 10-2009 کښے 58 ونے کټ شوے دی۔ دا د کال په حساب باندے ځکه چه دا خلق په ځنګلو کښے اوسیږی، د هغوی کورونه په ځنګلونو کښے دی، هغوی اوسیږی هلته کښے، که یوه ونه کټ کړی نو د دے د پاره مونږ سخکال هم د دوئ ګلیاتو کښے هغه ټرینډ سپی راغوښتلے وو چه ونے کټ شوے دی او د هغه سپو په ذریعه باندے مونږ هغه ملزمانو ته رسیدلے یو، هغه کومه کټ شوے ونه چه ده، هغه مونږ د هغه ملزم د کور نه برآمد کړے ده۔ د دے حده پورے چه فارسټ ډیپارټمنټ د هغے د پاره ټرینډ سپی راوستی وو، ټرینډ سپی چه هغه کهوج اولګوی چه دا ونے کوم ځائے کټ کیږی او څوک ئے کټ کوی؟ د هغے باوجود دوئ چه څنګه خبره کوی، نو دا دوه قسمه کیسز مونږ کوؤ، یو پی۔سی کیسز، پراسیکیوشن کیسز چه کوم اوشی او د هغے چالان مکمل شی نو هغه مونږ عدالت ته اولیږو، هغه تعداد چه دے ګران نه دے، مطلب دا دے یو سړے لس ونے کټ کړی، مثلاً دا 271 ونے دی، یو سړی دیکښے لس ونے کټ کړے دی، بل پینځه کټ کړے دی، بل دوه کټ کړے دی، بل یوه کټ کړے ده، د دے په بنیاد باندے هغه کیسز جوړ شی او په ځنی ایف آئی آر کښے یو سړی لس ونے کټ کړے دی، هغه ته ئے لس ونے لیکلے وی، ځنی ته ئے پینځه لیکلے وی، ځنی ته ئے درے لیکلے وی او دا پراسیکیوشن کیسز چه عدالت ته لاړ شی نو هغوی په هغے باندے جرمانه کوی۔ چه څومره هغه کیسز اوشی، د هغے مطابق یو چه دی نو هغه زمونږ سی سی کیسز دی چه هغه Confessional Cases دی چه هلته Red handed اونیولے شی او په هغوی باندے فی مکعب فټ جرمانه اولګولے شی، لرګی ضبط شی، هغه ضبط شوی لرګی بیا نیلام کړے شی۔ هغه تاسو اوکتل چه د هغے هغه دغه مونږ اولګول چه مونږ دومره ونے نیلام کړے دی او دومره به لا بیا مونږ نیلام کوؤ او هغه په اوپن آکشن باندے

کیږی او دا کومے پیسے چه راشی نو هغه صوبائی حکومت Exchequer ته ځی او دا د فارسټ ډیپارټمنټ سره نه پاتے کیږی۔ د دے نه علاوه دوئ چه کومه خبره اوکړه، زۀ د دوئ د دے خبرے سره اتفاق کوم که داسے یو رینجر په هغه ځائے کښے ډیوټی کوی او دوئ ترے مطمئن نه وی، دوئ د هغه Mention کړی چه دا سړے ټهیک نه دے او که دا موجوده رینجر چه کار کوی او که هغه ټهیک نه وی چه بدل ئے کړو د هغه ځائے نه۔ داسے څه خبره نشته، که دوئ Mention کوی چه دا فلانے فلانے سړے دلته صحیح کار نه کوی نو دا د ډیپارټمنټ ذمه واری ده، دوئ منتخب نمائندګان دی او د دوئ په مشوره باندے به مونږ هغه سړی د هغه ځائے نه ټرانسفر کړو او نوی کسان به اولګوؤ۔

جناب سپیکر: *شکریہ جی۔ جناب جاوید عباسی صاحب، دوسرا سوال نمبر کیا ہے جی؟*

جناب محمد زمین خان: محترم سپیکر صاحب! زما یو ضمنی سوال دے او هغه دا دے چه دا کوم بیان په دے هاؤس کښے اوشو، دا غلط ښکاری ځکه چه دے ایک نمبر جواب کښے که مونږ اوګورو نو په دے 09-2008 کښے پاس دوئ تفصیل، کوم چه ونے کټ شوے دی 191 دی جی، 191 کیسونه ئے کړی دی خو چه کوم پراسیکیوشن کیسونه دوئ درج کړی دی، هغه 200 دی چه ونے 191 کټ شوے نو کیسونه څنګه 200 درج شو؟ لږ د دے تفصیل د دوئ اووائی۔

وزیر جنگلات و ماحولیات: دوئ چه کوم طرف ته اشاره اوکړه، یقیناً داسے ده خو زمونږ فارسټ ډیپارټمنټ تش کیس په ونو کټ کولو نه کوی، په دیکښے ډیر خلق Grazing کوی Unlawful، دیکښے ځنی خلق Encroachments کوی، د دے مختلف دغه دی، هغوی ټوټل چه کوم کیسسز ښودلے دی نو دا یواځے د ونو کټ کولو نه دی او په ځنګل کښے نور چه کوم Unlawful دغه شوی وی نو د هغے مطابق دا کیسز په پراسس کښے شامل دی۔

جناب سپیکر: ټهیک شوه جی، ټهیک شوه۔جی۔ جاوید عباسی صاحب، سوال نمبر جی؟

جناب محمد جاوید عباسی: *نہیں جناب سپیکر، یہ مہربانی کیا کریں کہ ہماری تسلی ہو جانی چاہیئے کہ جواب صحیح ہے۔ چونکہ وزیر صاحب نے کہا اور میں نے ڈیٹیل میں انکی بات سنی ہے۔ میں نے وزیر صاحب کے محکمے*

کے Figures quote کیے ہیں، میں نے اپنی بات نہیں کی۔ میں نے جو کوئسچن پوچھا تھا، انہوں نے خود کہا ہے کہ 520 درخت پچھلے تین سالوں میں کاٹے گئے ہیں۔ جناب سپیکر، یہ ریکارڈ آپ کے سامنے ہے، آپ اس کا پہلا پیج ہی اگر اٹھا کر دیکھ لیں اور پھر میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ اگر ہر، یہ تو Beginning ہے، محکمے کو پہلے بتانا چاہیئے تھا کہ اگر 520 درخت پچھلے دو سالوں میں Illegal کاٹے گئے، جہاں گلیات میں ایک درخت کاٹنے کیلئے اجازت نہیں ہے، درختوں پر 100% پابندی ہے تو جناب سپیکر، میری ریکویسٹ ہو گی اگر منسٹر صاحب اس معاملے کو اپوز نہ کریں تو ہم کمیٹی کے سامنے معاملے کو لے کے چلے جائیں، اگر کوئی آدمی Responsible ہے، ذمہ دار ہے، کچھ لوگوں نے۔۔۔۔

جناب سپیکر: جاوید عباسی صاحب! آپ کونسے سوال پہ بول رہے ہیں؟

جناب محمد جاوید عباسی: یہ جی، وہی سوال ہے۔ 807 پر میں ابھی بات کر رہا ہوں، سر۔

جناب سپیکر: وہی 807؟

جناب محمد جاوید عباسی: میں اس پر مطمئن نہیں تھا۔ جناب سپیکر، یہ میری ذات کا مسئلہ نہیں ہے۔

جناب سپیکر: ابھی کیا چاہتے ہیں؟

جناب محمد جاوید عباسی: میں یہ چاہتا ہوں جناب سپیکر، اگر اس۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ کمیٹی میں لے جانا چاہتے ہیں تو اس کیلئے تو دو حل ہیں یا تو آپ ریکویسٹ کریں کہ کمیٹی میں لے جائیں، ہاؤس سے ریکویسٹ کریں کہ کمیٹی میں لے جائیں۔۔۔۔

جناب محمد جاوید عباسی: میں ریکویسٹ کرونگا کہ منسٹر صاحب یہ تسلی دیں کہ میرے ساتھ میٹنگ کر لیں، ہم آپس میں بیٹھ کر میٹنگ کر لیں گے، جو لوگ ذمہ دار ہیں، میں نہیں کہتا کہ منسٹر صاحب نے کہا ہے۔۔۔۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے، ٹھیک ہے، سیشن ختم ہونے کے بعد آپ چیمبر میں آ جائیں، دونوں بیٹھ جائیں جی۔ منسٹر صاحب آپ بھی آ جائیں۔ پھر دوسرا سوال جاوید عباسی صاحب آپ کا، سوال نمبر 829۔

* 829 ۔ جناب محمد جاوید عباسی: کیا وزیر جنگلات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع ایبٹ آباد میں سوار گلی کے مقام پر جنگلات کی اراضی موجود ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ اراضی پر محکمہ کی منظوری کے بغیر سڑک تعمیر کی گئی ہے؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ سوار گلی میں موجود سرکاری اراضی پر لطیف عباسی نامی شخص نے قبضہ کیا ہوا ہے اور مذکورہ شخص اہلکاروں کی ملی بھگت سے مذکورہ اراضی اپنے نام کرنے کی کوشش کر رہا ہے ;

(د) آیا یہ بھی درست ہے کہ وزیر جنگلات کی یقین دہانی کے باوجود نہ مذکورہ اراضی واپسی لی ہے اور نہ ہی غیر قانونی طور پر سڑک تعمیر کرنے کے خلاف کوئی کارروائی کی ہے ;

(ہ) اگر (الف) تا (د) کے جوابات اثبات میں ہوں تو آیا حکومت مذکورہ شخص سے سرکاری اراضی واگزار کرانے اور ملی بھگت میں ملوث اہلکاروں اور سڑک کی غیر قانونی تعمیر کے خلاف کارروائی کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، تفصیل فراہم کی جائے ؟

<u>جناب واجد علی خان (وزیر جنگلات و ماحولیات)</u>: (الف) یہ درست ہے کہ سوار گلی کے مقام پر محکمہ جنگلات کی اراضی موجود ہے۔

(ب) یہ درست ہے کہ سوار گلی کے مقام سے جو کہ سیر کمپارٹمنٹ نمبر محفوظ جنگل کا حصہ ہے، سے لطیف عباسی نے بغیر محکمہ کی اجازت سے سڑک نکالی ہے جو کہ تقریباً ایک کنال اور پندرہ مرلے بنتی ہے۔

(ج) یہ درست ہے کہ لطیف عباسی نے سرکاری اراضی پر غیر قانونی تجاوز کی ہوئی ہے جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

| نمبر شمار | تفصیل ناجائز تجاوز شدہ سرکاری اراضی | رقبہ |
|---|---|---|
| 1 | مکان | 15مرلہ |
| 2 | خالی جگہ | 2کنال1مرلہ |
| 3 | سڑک | 1کنال15مرلہ |

(د) محکمہ جنگلات کے اہلکاروں نے بروقت کارروائی کی اور ڈیمج رپورٹ نمبر 8/6 مورخہ 22/5/2000 بر خلاف لطیف عباسی جاری کی، جس کی رپورٹ ایوان کو فراہم کی گئی ہے۔

ناجائز تجاوز شدہ سرکاری اراضی کی حد براری محکمہ جنگلات نے محکمہ مال و حد براری (ڈیمارکیشن) کے تعاون سے کی ہے جو کہ محکمہ جنگلات کی اراضی ہے اور لطیف عباسی نے اس پر ناجائز قبضہ کیا ہوا ہے، جسے جنگلات کے اہلکاروں نے قبضہ میں لینے کی کوشش کی تو لطیف عباسی نے محکمہ کے اہلکاروں کے ساتھ جھگڑا کیا اور سرکاری زمین سے ناجائز تجاوز ختم کرنے سے انکاری ہوا جس پر محکمہ

جنگلات کے اہلکاروں نے اس کے خلاف پولیس اسٹیشن میں ایف آئی آر نمبر 25 مورخہ 27/5/2000 کو درج کروائی۔

(ہ) محکمہ جنگلات نے سرکاری اراضی کو واگزار کرانے کی ازحد کوشش کی ہے لیکن لطیف عباسی جو کہ با اثر شخص ہے، نے وزیر اعلیٰ صوبہ سرحد کو درخواست دی کہ غیر جانبدار انکوائری مقرر کرکے کیس کو ختم کیا جائے۔ جناب وزیر اعلیٰ کی ہدایت پر انکوائری صوبائی انسپکشن ٹیم سرحد کو سونپی گئی، جس پر صوبائی انسپکشن ٹیم نے تمام ریکارڈ کا جائزہ لیا اور موقع پر دونوں جانب محکمہ جنگلات اور لطیف عباسی کے بیانات لیے گئے اور انہوں نے اپنی انکوائری رپورٹ مرتب کرکے وزیر اعلیٰ صوبہ سرحد کو پیش کی، جس کی سفارشات وزیر اعلیٰ نے منظور کیں، انکوائری رپورٹ کی نقل ایوان کو فراہم کی گئی، چونکہ کیس زیر سماعت عدالت جناب سول جج صاحب IX ایبٹ آباد ہے، لہذا جب تک عدالت سے کوئی فیصلہ نہیں ہوتا تو محکمہ کارروائی کرنے سے قاصر ہے، بہر حال محکمہ کے اہلکاروں نے اپنی تمام تر کوششیں عمل میں لائی ہیں، تاہم عدالت عالیہ جو فیصلہ کرے گی، اس پر عملدرآمد کیا جائے گا۔

Mr. Speaker: Any supplementary?

جناب محمد جاوید عباسی: جی جناب سپیکر، اس میں بہت ہی Important بات ہے، یہ بھی منسٹر صاحب جنگلات سے وابستہ ہے۔ میں نے یہ پوچھا تھا کہ یہ آپ کی جنگلات کی زمین ہے، ایک آدمی نے قبضہ کیا ہوا ہے اور یہ جواب دیتے ہیں کہ آدمی بڑا بااثر ہے۔ دو ہزار میں جناب، پانچ کنال دس مرلے؟ ایک کنال کی وہاں گلیات میں قیمت اس وقت ڈیڑھ کروڑ روپیہ ہے، جناب سپیکر۔ ایک آدمی نے قبضہ کیا ہوا ہے، جنگلات کی سرکاری زمین ہے پچھلے نو سالوں میں، پھر اس نے سڑک بھی بنالی اور یہ محکمہ جناب سپیکر، اگر آپ خود اسکی دیکھیں، Details ذرا آپ پڑھیں، اس میں لکھتے ہیں کہ ناجائز اراضی پر قبضہ کیا ہوا ہے چونکہ محکمہ جنگلات کی اراضی ہے، لطیف عباسی نام کا شخص بڑا بااثر شخص ہے اور اس نے چار کنال پندرہ مرلے پر قبضہ وہاں کیا ہوا ہے۔ آپ نے دیکھا ہے جناب سپیکر، یہ فرسٹ پیج پر جہاں پر کوسچن نمبر 829 ہے۔

جناب سپیکر: ہاں، ہاں۔

جناب محمد جاوید عباسی: اسی کے جواب میں وہ خود بھی لکھتے ہیں کہ اس نے جو سڑک بنائی ہے، پورے گلیات میں کوئی آدمی دو فٹ سڑک نہیں بنا سکتا، جب تک جنگلات والے اس پر این او سی نہ دیں یا ڈیپارٹمنٹ انہیں این او سی نہ دے، اس نے این او سی بھی نہیں لی اور پھر بھی سڑک بنائی ہوئی ہے، یہ خود کہتے ہیں۔

میں کہتا ہوں پندرہ کنال پہ اس نے قبضہ کیا ہوا ہے یا چلو میں محکمے کی بات مان لیتا ہوں، یہ کہتے ہیں چار کنال پندرہ مرلے، جناب بشیر بلور صاحب، اس سے بڑا جرم کہ ایک آدمی نے قبضہ کیا ہوا ہے پچھلے دس سالوں سے، بڑی خطرناک بات ہو رہی ہے، وہ اپارٹمنٹ بنوا کر وہاں اپارٹمنٹ کو فروخت کر رہا ہے۔ یہ لوگ جائیں گے یہاں سے اور دور دراز علاقوں کے لوگ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ابھی اسی پر ضمنی سوال کیا ہے جی، کیا کریں؟

جناب محمد جاوید عباسی: ضمنی سوال یہی ہے کہ کیا محکمہ یا حکومت اتنی کمزور ہے کہ وہ لکھتی ہے کہ اس بااثر شخص نے پچھلے دس سالوں سے وہاں قبضہ کیا ہوا ہے اور ہم کچھ نہیں کر سکتے؟ اگر یہی حکومت کے حالات ہونگے تو کس طرح 'رٹ' ہم قائم کریں گے؟ مجھے تو یہ شک ہے جناب، کہ کل کوئی نتھیا گلی میں گورنر ہاؤس پر قبضہ نہ کر لے، اسلئے میں نے یہ بات Raise کی ہوئی ہے، جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جی، جناب واجد علی خان صاحب۔

جناب محمد جاوید عباسی: اور میرا یہ کوسچن، میں اس کو ڈسکس کرونگا۔ جناب سپیکر!۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: د دے سرہ دے؟

سید محمد صابر شاہ: نہیں، میں سپیکر ہاؤس کا نہیں کرنا چاہتا۔

جناب سپیکر: قلندر لودھی صاحب۔ ضمنی سوال، خالی ضمنی سوال پوچھیں جی۔

حاجی قلندر خان لودھی: بالکل جی۔ سر، میں یہ گورنمنٹ سے پوچھنا چاہتا ہوں آپ کی وساطت سے کہ بااثر شخصیت قانون سے مبرا ہے اور وہ گورنمنٹ سے طاقتور ہے؟ ایک بات جی۔ (تالیاں) دوسری بات یہ ہے جی، یہ کہتے ہیں کہ "محکمہ کارروائی کرنے سے قاصر ہے، بہر حال محکمہ کے اہلکاروں نے اپنی تمام تر کوششیں عمل میں لائیں، تاہم عدالت عالیہ فیصلہ کرے گی تو اس پر عملدرآمد کیا جائے گا"، جب عدالت عالیہ میں کیس ہی نہیں لے کے گئے تو عدالت عالیہ اس کو کیسے، فارن سٹیٹ / فارسٹ اسٹیٹ کو یہ عدالت عالیہ کہتے ہیں، وہ تو کیس ہی لیکر نہیں گئے اور کہتے ہیں کہ عدالت عالیہ فیصلہ کرے گی، یہ کس قسم کا جواب ہے، جناب؟

جناب سپیکر: جی واجد علی خان صاحب۔

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: نور سحر بی بی! بیا ستا سو څه سوال دے ؟ وایه۔

محترمہ نور سحر: زما دا سوال دے چه دوئ وائی چه مونږ انکوائری اوکړه او عدالت ته مو ورکړه، لس کاله اوشو عدالت کښے ده نو د هغه انکوائرئ بیا فائده څه اوشوه چه د لسو کالو نه هغه په عدالت کښے پرته ده او د هغے فیصله نه کیږی؟ دے انکوائرئ باندے بیا ولے وخت ضائع شو؟

جناب سپیکر: جی واجدعلی خان صاحب، لس کاله وائی، ولے په عدالت کښے دے کیس تیر کړو؟

وزیر جنگلات و ماحولیات: خامخا جی، دا د 2000 کیس دے او د هغے باوجود، د هغه سړی نوم لطیف عباسی دے، دوئ ته مے اووئیل چه جاوید عباسی صاحب که چرته ئے رشته دار وی (تالیاں) دا په ځنګل کښے هم دوئ آباد دی دغه ځائے او د هغے باوجود زهٔ به دا اووایم چه محکمے په وخت کارروائی کړے ده، ایف آئی آر ئے پرے کړے دے۔ د هغے باوجود Demarcation ته زمونږ محکمه تلے ده، Demarcation ئے کړے دے، هغه ئے په هغے کښے Guilty ګرځولے دے چه دهٔ څه سرکاری زمکه نیولے ده۔ بیا هغه تلے دے او چیف منسټر ته ئے Application ورکړے دے، د هغه وخت چیف منسټر صاحب پکښے د چیف منسټر صاحب انسپکشن ټیم رالیږلے دے او هغوی هم دا سړے Guilty ګرځولے دے چه دهٔ سرکاری زمکه قبضه کړے ده خو د دے سړی کیس په عدالت کښے دے د سول جج سره چه تر څو پورے هغه کیس نه وی شوے نو تر هغے پورے حکومت په هغے باندے څه کارروائی نه شی کولے۔ چه هغه Decide شی، باقی د دهٔ خلاف زمونږ محکمه هم او د وزیر اعلیٰ انسپکشن ټیم دواړو دا Decision ورکړے دے چه دا Illegal occupant دے، دهٔ Illegal دا زمکه قبضه کړے ده خو بنیادی خبره دا ده چه Subjudice case دے، عدالت کښے دے نو په دے وجه باندے په هغے باندے هیڅ مزید کارروائی نه شی کیدے۔

جناب سپیکر: یہ بیرسٹر صاحب ہیں، ان کو اس کیس میں وکیل بنالیں نا، جی۔

وزیر جنگلات و ماحولیات: تو بن جائیں نا، جی۔

جناب سپیکر: کیا جی؟

وزیر جنگلات وماحولیات: اگر یہ گورنمنٹ کا کیس کریں تو اچھی بات ہے جی۔

جناب محمد جاوید عباسی: کیس وکیل صاحب، جناب سپیکر، میرا تو رشتہ دار کڑی بات ہے، کیا میرا رشتہ دار کوئی قانون سے ماوراء ہو سکتا ہے، وہ قانون سے اوپر ہے؟ میں کہتا ہوں کہ یہ بالکل غلط بات ہے، وہ میرا رشتہ دار بالکل نہیں ہے۔ کوئی بھی ہو پاکستان کے اندر جناب سپیکر، میری پرزور اپیل ہے کہ چونکہ اس میں کوئی Stay نہیں ہے تو جناب سپیکر، وہ زمین تھوڑی تھوڑی کرکے لوگوں پر بیچ رہا ہے، وہ بیس پچیس کروڑ روپیہ یہاں سے لیکر چلا جائے گا اور بعد میں محکمہ والے ان لوگوں کے پیچھے پڑیں گے۔ جناب سپیکر، یہ بڑی انکوائری ہے اور اس میں کوئی Stay نہیں ہے پچھلے دس سالوں سے، یہ کمیٹی کے حوالے کریں۔ جناب، میں پرزور اپیل کرتا ہوں کہ یہ کمیٹی کے حوالے کریں تو سچ کا پتہ چل جائیگا کہ کون کون Involve ہیں، جناب سپیکر؟

جناب سپیکر: آپ جس طرح کہتے ہیں، میں کہہ دونگا لیکن جو دس سال سے Pending case چل رہا ہے تو اس کے پیچھے آپ لوگ کیوں نہیں پڑجاتے کہ وہ جج صاحب کیا کر رہے ہیں؟

جناب محمد جاوید عباسی: جناب، یہ تو عدالتی معاملہ ہے اور عدالت میں چل رہا ہے اور میں اس پر بات نہیں کرنا چاہتا۔ اس میں وہ کروالیں جناب، ابھی اس کو کمیٹی کے حوالے کریں، کوئی Stay اس وقت اس پر نہیں ہے۔

جناب سپیکر: جی واجد علی خان صاحب۔

جناب محمد جاوید عباسی: کمیٹی کے حوالے کریں اور سچ کا پتہ چل جائے گا، جناب۔

جناب سپیکر: جی واجد علی خان صاحب۔ واجد علی خان صاحب کا مائیک آن کریں۔

جناب محمد زمین خان: سر، دے جواب کښے دے محکمے ورکړے دی چه یره چونکه زیر سماعت۔۔۔۔

جناب سپیکر: زمین خان صاحب کا مائیک آن کریں۔ تاسو څه وایئ پکښے؟ جی، ضمنی سوال اوکړئ، ضمنی سوال۔

جناب محمد زمین خان: دے محکمے په دے خپل جواب کښے دوه خبرے کړے دی جی، یو وائی چه دا کیس د سول جج په عدالت کښے دے او بیا وائی چه عدالت عالیه څه فیصله اوکړی نو هغے باندے به مونږه عمل کوؤ نو آیا دا څه ملی بهگت دے چه آیا سول جج عدالت فیصله اوکړی، په هغے به ئے ولے نه کوؤ خو عدالت

عالیه یعنی هائیکورټ چه کومه فیصله اوکړی نو په هغے باندے به عمل کوؤ نو دا خو مطلب دا دے چه دا محکمه څه Involve ده؟ څنګه چه جاویدعباسی دا خبره کړے ده-----

جناب سپیکر: څه Clerical mistake دے ؟

وزیر جنگلات و ماحولیات: سپیکر صاحب، زمین خو ډیر ښه وکیل دے او بیرسټر صاحب هم وکیل دے-----

جناب سپیکر: جی بیرسټر صاحب، څه وائی دا واجدعلی خان صاحب۔

وزیر جنگلات وماحولیات: دا زمین خان هم وکیل دے او بیرسټر صاحب هم وکیل دے نو کیدے شی زمونږه فارسټ ډیپارټمنټ خو، مونږه دومره سبق نه دے وئیلے، کیدے شی زمونږ دا خلق چه د سول جج عدالت ته عدالت عالیه وائی، دا Clerical mistake کیدے شی جی۔

جناب سپیکر: ښه جی۔ Is it the desire of the House that the Question asked by the honourable Member may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say ‘Aye’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. The Question is referred to the concerned Committee. Noor Sahar Bibi. Question No. 838.

* 838 ۔ محترمہ نور سحر: کیاوزیر ماحولیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیایہ درست ہے کہ کارخانوں اور بھٹیوں سے زہریلی گیس خارج ہوتی ہے;

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ بھٹیوں میں ربڑ بھی استعمال کی جارہی ہے;

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو جن کارخانوں اور بھٹیوں کے خلاف کارروائی کی گئی ہے، ان کی ضلع وائز تفصیل، بھٹیوں پر جرمانوں کی تفصیل اور زیر التواء کیسز کی تعداد کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب واجد علی خان (وزیر جنگلات وماحولیات): (الف) ہاں۔

(ب) ہاں۔

(ج) صوبہ سرحد کے جملہ اضلاع بشمول پشاور، مردان، نوشہرہ اور چارسدہ میں بھٹہ خشت میں ربڑ جلانے، اس سلسلے میں انوائرنمنٹل پروٹیکشن ٹریبونل میں زیر سماعت اور فیصلہ شدہ مقدمات کی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

ادارہ تحفظ ماحولیات کا دفتر پشاور میں واقع ہے، اس لحاظ سے فی الحال مندرج بالا اضلاع میں واقع بھٹہ خشت کے خلاف کارروائی کی گئی ہے۔ صوبائی حکومت کے سالانہ ترقیاتی پروگرام کے تحت ادارہ تحفظ ماحولیات کے تین ذیلی دفاتر ڈی آئی خان، مینگورہ اور ایبٹ آباد میں قائم کئے جائیں گے، ان دفاتر کیلئے متعلقہ عملے کی تعیناتی ہو چکی ہے، یہ دفاتر جلد ہی کام شروع کر دیں گے۔ ان دفاتر کے قیام کے بعد صوبہ کے دوسرے اضلاع میں واقع بھٹہ خشت کے خلاف اسی طرح کی کارروائی شروع کی جائے گی۔

اضلاع ایبٹ آباد، بونیر، چارسدہ، ڈی آئی خان، ہری پور، کوہاٹ، مردان، نوشہرہ، پشاور، صوابی، سوات اور لوئر دیر میں واقع بھٹہ خشت کے علاوہ دیگر کارخانوں کے خلاف انوائرنمنٹل پروٹیکشن ٹریبونل پشاور کی جانب سے کارروائی کی فہرست بھی ایوان کو فراہم کی گئی۔

<u>جناب سپیکر:</u> ضمنی سوال پکښے شته که نشته؟

<u>محترمہ نور سحر:</u> سپیکر صاحب! میں اس کو دیکھ رہی ہوں تو مجھے بہت عجیب لگ رہا ہے کہ اگر ہماری انسانی جانوں کی یہ قیمت ہے تو مجھے تو ہنسی آ رہی ہے کہ پھر تو انسان کی کوئی قیمت ہی نہیں رہی۔ یہاں پر زہریلی گیس جو خارج ہوتی ہے اور اس کیلئے انہوں نے جرمانہ جو رکھا ہوا ہے بھٹیوں پر، صرف چھ ہزار روپے ہے۔ اگر انسان کی قیمت چھ ہزار روپے ہے تو مجھے بہت ہنسی آ رہی ہے کہ ہم کس صوبے میں رہ رہے ہیں؟ کیونکہ یہاں پر جو زہریلی گیس خارج ہوتی ہے، اس سے کینسر اور کئی بیماریاں پھیلتی ہیں جس کے جرمانے میں ان کو صرف چھ ہزار روپے حالانکہ ادھر کروڑوں روپے وہ کماتے ہیں۔ اگر وہ کروڑوں روپے کماتے ہیں اور یہاں پر چھ ہزار دیتے ہیں تو اس سے وہ کب باز آئیں گے؟ وہ بار بار وہی حرکت کریں گے تو اس میں میرا یہ ضمنی کوسچن ہے-----

<u>جناب ثاقب اللہ خان چمکنی:</u> جناب سپیکر صاحب۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی ثاقب خان، ضمنی سوال؟

<u>محترمہ نور سحر:</u> سر، ان کو تین دفعہ جرمانے، وہ تین دفعہ ان کو چھ ہزار روپے دیتے ہیں۔ ایک مجھے پیچھے جو یہ لسٹ دی گئی ہے، ایک ایک بھٹی پر تین دفعہ جرمانہ لگایا گیا ہے اور تین دفعہ چھ، چھ ہزار روپے یعنی جرمانہ

بھی زیادہ نہیں ہوا، ان کو کوئی قید بھی نہیں ہے تو اگر انسان کی قیمت اتنی کم ہے تو پھر تو سر، اس کو نسچین کا، اس چیز کا کوئی فائدہ ہی نہیں ہے کہ جو میں نے Move کیا ہے۔

جناب سپیکر: جی ثاقب خان صاحب۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: ډیره مهربانی، جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب! ستاسو په وساطت باندے زۀ د آنریبل منسټر یو فګرز ته لږ توجه ګرځومه جی۔ سر، پیښور ډسټرکټ کښے ټولو نه زیات چه کوم Killigs دی، دا یا زما حلقه کښے دی یا د ډپټی سپیکر صاحب حلقه کښے دی، دیکښے تاسو اوګورئ ډیپارټمنټ جواب راکوی چه Total amount of fine received is rupees 2,62,000 جی، اوس که خالی د پیښور ډسټرکټ تاسو اوګورئ نو په دغه کښے دوئ چه جرمانه کړی دی، هغه ټوټل 159 یونټے دی جی، نو که 159 له تاسو شپږ زره کښے ضرب ورکړئ نو دا څه 9,54,000 خالی پیښور نه راځی جی۔ که فرض کړه مونږ دا وایو چه دا په کیسونو کښے دی او ټول Decided شوی نه دی نو که تاسو د دوئ لسټ M ته اوګورئ سر، M کښے 'List of decided cases by the Environmental Protection Tribunal, District Peshawar'، په هغے کښے 91decisions شوی دی او په هغے کښے که تاسو شپږ زره له ضرب ورکړئ نو 5,46,000روپئ جوړیږی۔ سر، زما دوه کوئسچنز دی، وړومبے دا 2,62,000 خو، دا خو د پیښور په قصے سره هم وی، که فرض کړه دوئ لیکلی وی چه Maximum fine 6,000 دے جی، نو زۀ خو په دے باندے پوهیږم یا خو ربړ سوزئ یا نه سوزئ، د دوئ څه فارموله شته دے، که دوه ټائرونه ئے اوسوزول نو سل روپئ دی، که زر ئے اوسوزول نو شپږ سوه دی؟ سر، زۀ دے نه خبر یم، تاسو ټولو او آنریبل منسټر صاحب ته هم زۀ دا ریکویسټ کوم چه زما حلقے کښے پهندو، موسیٰ زئی او دے علاقو ته لاړ شئ او پینځه منټه د دوئ ساه واخلی او بیا د هلته ریکارډ هم اوګوری چه څومره کسان دے پرابلمز کښے دغه دی، سر؟

جناب سپیکر: دا څه دی، ټائرونه پکښے سوزئ؟

جناب سپیکر: ټائرونه او ربړ سوزوي جي، ربړ سوزوي جي، د کوئلے په ځائے ټائرونه او ربړ سوزوي جي۔ انسپکټر د غه د ے سر، نو دا زۀ وایمه چه۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی نگہت بی بی، نگہت اورکزئی۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! میرا اس میں ایک ضمنی کوئسچن ہے اور وہ یہ ہے کہ کیا اس کیلئے کوئی ایسا طریقہ کار بنایا گیا ہے کہ اگر دو دفعہ یا تین دفعہ کسی کو جرمانہ ہو جاتا ہے اور اگر وہ تین دفعہ جرمانے کے بعد کوئی ایسا قانون ہے کہ اس کاروبار کو بند کر سکتے ہیں یا اس کو کوئی اور سزا دے سکتے ہیں تو کوئی ایسا قانون انہوں نے بنایا ہے؟

جناب سپیکر: جی، جناب واجد علی خان صاحب۔

وزیر جنگلات و ماحولیات: سپیکر صاحب! څنګه چه نور سحر بي بي یا نګهت بي بي او ثاقب خان خبره اوکړه جي، د دے د پاره جي زمونږ خو د ډیپارټمنټ دا کار د ے چه کوم خلق دا کار کوي نو کیسونه د هغوي خلاف جوړوي۔ هغه کیسسز چه دي، بیا ټریبونل کښے زمونږه یو جج دے او یو پکښے د پرائیویټ دغه نه یو کس وي چه کوم ښه Educated سړے وي او انوائرنمنټل سائنسز باندے پوهه وي نو هغوي فیصله کوي۔ د فیصلے اختیار مونږ سره نشته، زمونږ کار د ے کیسز لیږل۔ اوس که هغه ترے شپږ زره روپئ اخلي او که شپږ لکه روپئ ترے اخلي، دا خو به هغه ټریبونل فیصله کوي چه په کوم انداز باندے هغوي هغے نه چارجز اوکړي او کومه خبره چه ثاقب خان اوکړه جي، دا حقیقت دے چه دلته کومے بهټئ دي د خښتو، دوئ د دے خښتے د رنګ سپینولو د پاره دا ربړ استعمالوي او په هغے باندے زمونږ دا ټیم ځي او هغه پرے چهاپے اچوي، په مختلف وختونو کښے داسے کیسز، دا خو ډیر کیسونه پراته دي ډیپارټمنټ سره، هغه ئے سمجهاوئ او د هغے نه وروستو بیا هغه ټریبونل ته لیږي نو ځنې کیسز چه دي، هغه د محکمے سره شته او دا هغه کیسز دي چه کوم ټریبونل ته تلي دي نو هغه ټریبونل چه کوم Decide کړي دي، د هغے په بنیاد باندے دغه لسټ ئے ورکړے دے، باقي کیسز چه دي، هغه د سوئنو په تعداد کښے د ډیپارټمنټ سره دي، هغه وقتاً فوقتاً هغه ګوري او دغه مواد ورته تیاروي او بیا هغه کیسز ټریبونل ته لیږي خو دا خبره واقعي ډیره ګهمبیره مسئله ده، زمونږه د دے صوبے د پاره خو دا یو خبره ده چه

تر څو پورے مونږ د خپلے حصے Emission پیدا کړے نه وی او هغه مو ښیزلے نه وی نو مونږ هغه هومره ترقی خو نه شو کولے که مونږ کارخانے جوړے نکړو، مونږ خپله تسلی اونکړو نو کومو ملکونو چه ترقی کړے ده، خو هغوی د خپلے حصے نه، زمونږه د حصے هغه ماحول چه دے، هغه ئے هم گنده کړے دے او د غه وجه ده چه هغوی اوس کاربن ټریډ چه دے، هغوی یو نوے اصطلاح راویستے ده چه کاربن ټریډ تاسو زمونږ کاربن واخلئ، لکه غریبانانو ملکونو ته وائی چه تاسو ونے بوټی اولگوئ چه مونږ کوم کاربن پیدا کوؤ، هغه تاسو Absorb کړئ نو دا نوے Terminology خو د دغے وجه نه راغلے ده خو د هغے باوجود چه ثاقب خان یا دوئ چه کومے مسئلے ته اشاره کړے ده، یقیناً که په هغے باندے د دوئ په څه انداز باندے تسلی کیږی چه دوئ وائی چه مونږ کوم اقدامات اوکړو نو د دوئ هغه اقدامات چه دی، هغه دوئ سره په مشوره باندے انشاء اللّٰه تعالیٰ ډیپارټمنټ به ئے Take up کړی۔

جناب سپیکر: شکریہ۔ محمد جاوید عباسی صاحب۔

* 853 ۔ جناب محمد جاوید عباسی: کیاوزیر جنگلات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے جنگلات کی مد میں محکمہ کو ہر سال آمدنی حاصل ہوتی ہے;

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ہر سال محکمہ کو جنگلات سے کتنی آمدنی حاصل ہوتی ہے، گزشتہ پانچ سالوں کی آمدنی کی تفصیل فراہم کی جائے;

جناب واجد علی خان (وزیر جنگلات وماحولیات): (الف) ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) گزشتہ پانچ سالوں کی آمدنی کی تفصیل درج ذیل ہے:

| سال | آمدنی (ملین روپیہ) |
|---|---|
| 2004-05 | 412.140 |
| 2005-06 | 342.629 |
| 2006-07 | 558.813 |
| 2007-08 | 539.243 |
| 2008-09 | 584.771 |

ضمنی مواد: محکمہ جنگلات مختلف مدات میں حکومت کے سرکاری خزانہ کو مؤثر و مضبوط بنانے میں خاطر خواہ اضافہ مہیا کرتا ہے، نیز جنگلات پر کٹائی کی پابندی سے مذکورہ آمدنی پر فرق پڑا ہے، پھر بھی پرانے جاری

شدہ کاموں اور فارسٹ ڈیوٹی وغیرہ سے محکمہ نے ایک خطیر رقم مہیا کی ہے، پھر بھی محکمہ کی بھرپور کاوشوں سے مقرر کردہ ہدف کے لحاظ سے محاصل شدہ آمدنی گئی جو کہ زیادہ ہے اور جسکی تفصیل درج ذیل ہے:

محکمہ جنگلات کی آمدن میں فرق کی وجوہات مندرج ذیل ہیں:

1۔ وفاقی حکومت کی طرف سے سال 1993ء سے جنگلات کی تجارتی بنیادوں پر کٹائی پر پابندی؛

2۔ سال 2005ء میں زلزلہ کی وجہ سے محکمہ جنگلات کی آمدن پر فرق پڑا؛

3۔ ملاکنڈ میں حالات کی خرابی کی وجہ سے بھی محکمہ کے آمدن پر فرق پڑا۔

Mr. Speaker: Any supplementary?

جناب محمد جاوید عباسی: جی، جی۔ جناب سپیکر، 1993ء میں فیڈرل گورنمنٹ نے بھی اور پراونشل گورنمنٹ نے بھی تمام جنگلات کی کٹائی پر پابندی لگائی تھی، یہ آپ کے ساتھ پیج پہ ہے، میں پڑھ لیتا ہوں، 2004ء اور 2005ء میں، مجھے آج پتہ چلا کہ یہ محکمہ اس طرح امیر ہے، مجھے آج اس بات کا اندازہ ہوا ہے، آپ اس کی آمدن دیکھیں جناب سپیکر، جو یہ خود کہتے ہیں کہ 05-2004 میں ان کو چار سو بارہ ملین روپے کی آمدن تھی، 06-2005 میں ان کو تین سو بیالیس ملین کی آمدن تھی، 07-2006 میں ان کو پانچ سو اٹھاون ملین کی آمدن تھی، 08-2007 میں ان کو پانچ سو انتیس ملین کی آمدن تھی اور جناب سپیکر، 09-2008 میں پانچ سو چوراسی ملین کی آمدن تھی اور یہ کوئی دو ارب روپے کے لگ بھگ پیسہ بنتا ہے۔ جناب سپیکر، الحمد للہ یہ بڑا، یہ خدشہ ہے مجھے اور میں اس بات پر جناب منسٹر صاحب سے پوچھتا ہوں کہ 1993ء سے پاکستان میں فیڈرل گورنمنٹ نے بھی اور پراونشل گورنمنٹ نے بھی لکڑی پر پابندی لگائی اور جنگلات کے کاٹنے پہ تو یہ اتنی بڑی آمدن جو دو ارب روپے آئی ہے، یہ کہاں سے آئی ہے اور یہ کہاں خرچ کیا جاتا ہے، جناب سپیکر؟

جناب سپیکر: جی واجد علی خان صاحب۔

وزیر جنگلات و ماحولیات: جناب سپیکر صاحب، بیرسٹر صاحب د اطلاع د پارہ بہ زۀ دا خبرہ اوکړمہ جی چہ دلتہ گرین فارسټ پہ مارکنگ باندے پابندی دہ او ھغے Harvesting باندے ھم پابندی دہ نو کوم Wind fall یا Snow falls چہ دی، کومے ونے چہ اوچے شوے وی، پہ ھغے باندے د پابندئ پالیسی زمونږ تیر گورنمنټ راوړے وہ او د ھغہ پالیسئ د لاندے چہ دا کومے زړے ونے دی، اوچے ونے دی، لوئیدلے ونے دی، ھغہ کټ کوی او ھغہ رااوباسی، د ھغے دا

آمدن دے او دا کوم آمدن چه دے ، دا صوبائی Exchequer ته ځی او دا مونږ سره نه پاتے کیږی۔ دا محکمه چه ده، دا ریونیو جنریشن محکمه ده، دا Full-fledged ریونیو چه ده ، هغه صوبائی حکومت ته ورکوی جی۔

جناب سپیکر: جی، دا نور سحر بی بی۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: نور سحر بی بی۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر، میں ریکویسٹ کرونگا کہ یہ بہت بڑی اماؤنٹ ہے۔جناب سپیکر، آپ نے۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ قومی خزانے میں جارہی ہے نا، آپ کو بتادیا۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر، میں سمجھتا ہوں کہ یہ جو درخت۔۔۔۔

جناب سپیکر: جاوید عباسی صاحب! آپ اتنی لمبی بات کرتے ہیں کہ سوال اس میں گم ہو جاتا ہے۔

جناب محمد جاوید عباسی: نہیں جناب، ہم ہاؤس میں کوسچن اسلئے نہیں لاتے کہ ہمیں اس سے انفارمیشن چاہیئے، ہم کوسچن اسلئے لاتے ہیں کہ اس معاملے کا کوئی حل ہونا چاہیئے، جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: نہیں خالی۔۔۔۔

جناب محمد جاوید عباسی: صرف اگر ہم نے اانفارمیشن لینی ہو تو یہ انفارمیشن تو ہمارے پاس ہوتی ہے، تب ہم کوسچن لے کر آتے ہیں۔

جناب سپیکر: نہیں خالی ضمنی سوال پوچھا کریں، ابھی دیکھو، ابھی کوئسچنز آور ختم ہوگیا اور چالیس سوال رہتے ہیں۔

جناب محمد جاوید عباسی: ٹھیک ہے سر، اگر کوئی ایک چیز کا تو حل ہو نا تاکہ پتہ چل سکے ہم ایک قدم آگے بڑھے ہیں۔ اگر ہم چیزوں کو اسی طرح رولتے جائیں گے۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں جی، ہر چیز کا ایک پروسیجر، ایک طریقہ، رول مقرر ہے۔

جناب محمد جاوید عباسی: نہیں سر، میں Mover ہوں، میرا مطمئن ہونا یہاں ضروری ہے۔

جناب سپیکر: بہت ضروری ہے پر مجھے بھی۔۔۔۔

جناب محمد جاوید عباسی: اسلئے کہا تاکہ میں مطمئن ہوں اور میں جواب دے سکوں کہ میں نے یہ کوئسچن کیا ہے یا اتنی بڑی محنت کی ہے۔ ایک سوال پر ڈیڑھ لاکھ روپے سے زیادہ پیسہ خرچہ ہوا ہے اور اگر اس کا

جواب بھی کوئی نہ ہو تو پھر تو جناب، بھیجنے کا کوئی مقصد ہی نہ ہوا۔ جناب سپیکر، پھر آپ کو بھی خفا کروں جو میں کبھی نہیں چاہتا، یہ بھی بڑی زیادتی ہے۔

(قہقہے)

جناب سپیکر: جی، نور سحر بی بی۔

* 868 ۔ محترمہ نور سحر: کیا وزیر ماحولیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ جنگلات شجر کاری کے دوران پودوں اور درختوں کی کٹائی کر کے نئے پودے اور درخت لگاتا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) 2008-09 کے دوران کل کتنے پودے لگائے گئے ہیں؛

(ii) شجر کاری مہم کے دوران ضلع وائز درختوں کی تعداد اور اقسام کی تفصیل فراہم کی جائے؛

(iii) 2008-09 میں درختوں کی کٹائی کا طریقہ کار کیا تھا؛

(iv) درختوں کی نیلامی سے وصول ہونے والی رقم کی تفصیل ضلع وائز فراہم کی جائے؛

(v) ہر ضلع کی ترقی پر کل کتنی رقم خرچ کی گئی ہے، ضلع وائز تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب واجد علی خان (وزیر جنگلات و ماحولیات): (الف) محکمہ جنگلات شجر کاری کے دوران پودوں اور درختوں کی کٹائی نہیں کرتا بلکہ ان خالی جگہوں / رقبہ جات پر شجر کاری کی جاتی ہے جہاں پر پودے نہیں ہوتے، نیز سدرن سرکل کے زیر اثر علاقے میں خشک اور بوسیدہ درختان کے علاوہ مختلف روڈوں کی توسیع کی بناء پر متعلقہ محکمہ کی درخواست پر درختوں کی کٹائی کی جاتی ہے جسکی بدولت مختلف ترقیاتی منصوبوں کی منظوری کے تحت ہر ضلع میں نئے پودے لگائے جاتے ہیں۔

(ب) (i) سال 2008-09 کے دوران صوبہ سرحد کے مختلف اضلاع میں کل 13.579 ملین پودے لگائے گئے ہیں۔

(ii) شجر کاری مہم کے دوران لگائے گئے ضلع وائز پودہ جات کی تعداد اور اقسام درج ذیل ہیں:

| نمبر شمار | نام ضلع | پودہ جات کی تعداد (ملین) | اقسام پودہ جات |
|---|---|---|---|
| 1 | کوہستان | 1.720 | بیاڑ، ایلینتھس، اخروٹ، توت، سفیدہ، کیکر، چیڑھ، یوکلپٹس، پولائی |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 2 | بٹگرام | 1.859 | چیڑھ، کیکر، سفیدہ، اخروٹ، بگین، ولو، یوکلپٹس، کائل، ایلنتھس، توت |
| 3 | مانسہرہ | 2.016 | سفیدہ، کیکر، درمک، گوند، چیڑھ، دیار، بیاڑ، ایلنتھس، روبینہ، توت، کچھنار، پولائی |
| 4 | ایبٹ آباد | 0.984 | کیکر، ویں، بینس، املوک، دیار، بیاڑ، چیڑھ، یوکلپٹس، پولائی، روبینہ، بکائن، سفیدہ |
| 5 | ہری پور | 0.366 | شیشم، گوند، پھلائی، چیڑھ |
| 6 | چترال | 0.172 | چیڑھ، روبینہ، سفیدہ، ایلنتھس، دیار |
| 7 | لوئر دیر | 0.858 | گوند، کیکر، ایلنتھس، چیڑھ، پھلائی، توت، دریک |
| 8 | اپر دیر | 0.384 | کیکر، ایلنتھس، سفیدہ، دیار، چیڑھ، دریک |
| 9 | سوات | 0.547 | گوند، کیکر، ایلنتھس، سفیدہ، املوک، چیڑھ، بیاڑ، دریک، اخروٹ |
| 10 | بونیر | 3.222 | گوند، چیڑھ، پھلائی، روبینہ، ایلنتھس، سفیدہ، بکائن |
| 11 | شانگلہ | 0.347 | کیکر، چیڑھ، دریک |
| 12 | ملاکنڈ | 0.180 | گوند |
